سودی کمپنی میں اکاؤنٹنٹ (Accountant) کی Job کرنے کا حکم

مجیب: مولانا محمد سعید عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-2591

تاریخ اجراء: 14 رمضان المبارک 1445ھ / 25 مارچ 2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

میں ایک اکاؤنٹنٹ ہوں، کمپنی میں وہاں foreign bank کے معاملات کو بھی دیکھنا اور اس کا حساب کتاب کرنا پڑتا ہے۔ کبھی سودی معاملات کا بھی کام آجاتا ہے۔ جس پر ہم اکاؤنٹ کے اصول کے تحت ملازم کی حیثیت سے ٹیکسز وغیرہ ایڈ اور لیس کرتے ہیں۔ کبھی foreign exchanges اور شیئرز جیسے معاملات ہوتے ہیں ان کو بھی دیکھنا پڑتا ہے۔ کیا میرا یہ نوکری کرنا جائز ہے؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِکِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَ الصَّوَابِ

آپ کا یہ نوکری کرنا جائز نہیں۔

مسئلے کی تفصیل کچھ یوں ہے کہ کسی مسلمان کے لئے ایسی نوکری کرنا، جائز نہیں جس میں اسے گناہ کے کاموں پر معاونت (Assist) کرنی پڑے۔ اکاؤنٹنٹ (Accountant) کی بنیادی ذمہ داریوں (Basic Responsibilities) میں سے یہ ہوتا ہے کہ وہ کمپنی کی ٹرانزیکشنز (Transactions) کا حساب کتاب رکھے، اسے مینج (Manage) کرے، جس میں سودی و غیر سود ساری ٹرانزیکشنز ہوتی ہیں، لہذا ایسی جاب کرنا کہ جس میں سود وغیرہ ناجائز کاموں کا حساب کتاب رکھنا پڑے، جائز نہیں۔

گناہ کے کاموں پر تعاون کرنے سے متعلق قرآن کریم میں ہے: ”وَ لَا تَعَاوَنُوۡا عَلَی الۡاِثۡمِ وَ الۡعُدۡوَانِ“ ترجمہ کنز الایمان: اور گناہ اور زیادتی پر باہم مدد نہ دو۔ (پارہ: 06، سورۃ المائدہ، آیت: 02)

سود لکھنے والوں کے متعلق صحیح مسلم شریف میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے: ”لعن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آکل الربا، ومؤکلہ، وکاتبہ، وشاھدیہ“، وقال: ”ھم سواء“ یعنی: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سود کھانے والے، سود کھلانے والے، **سود کی تحریر لکھنے والے** اور سود کے گواہوں پر لعنت فرمائی ہے

اور ارشاد فرمایا کہ یہ سب برابر کے شریک ہیں۔ (صحیح مسلم، رقم الحدیث 1598، ج 3، ص 1219، دار إحياء التراث العربي، بیروت)

ایسی نوکری جس میں سود کے لین دین کو لکھنا پڑتا ہے، اس کے متعلق فتاوی رضویہ شریف میں ہے: "ملازمت اگر سود کی تحصیل وصول یا اس کا تقاضا کرنا یا اس کا حساب لکھنا، یا کسی اور فعلِ ناجائز کی ہے تو ناجائز ہے۔" (فتاوی رضویہ، جلد 19، صفحہ 522، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net

daruliftaahlesunnat

DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat

feedback@daruliftaahlesunnat.net